عجوہ کھجور......امراض قلب کا نسخہ شفا

جاوید چوہدری

ملک ریاض انجیو پلاسٹی کے لئے لندن جانے لگے تو سابق آرمی چیف جنرل اسلم بیگ نے انہیں دل کی تقویت کے لئے طب نبوی سے ایک نسخہ بتایا، جنرل اسلم بیگ کا کہنا تھا کہ انہیں 56 سال کی عمر میں دل کا عارضہ لاحق ہوا، یہ اپنے مرض کو خفیہ رکھنا چاہتے تھے، کیوں کہ اس سے ان کے فوجی کیریئر پر زد پڑ سکتی تھی، چنانچہ انہوں نے جدید علاج کی بجائے طب نبوی کا سہارا لینے کا فیصلہ کیا، انہیں کسی صاحب نے یہ نسخہ بتایا، انہوں نے یہ نسخہ استعمال کرنا شروع کر دیا اور یہ حیران کن حد تک صحت مند ہو گئے۔ جنرل اسلم بیگ کا کہنا تھا کہ آپ انجیو پلاسٹی سے پہلے ایک مہینہ تک یہ نسخہ استعمال کریں اور اس کے بعد اپنے ٹیسٹ کرائیں، اگر شفا ہو گئی تو ٹھیک، ورنہ دوسری صورت میں آپ انجیو پلاسٹی کرالیں۔ ملک ریاض نے جنرل اسلم بیگ سے یہ نسخہ لیا اور اس کا استعمال شروع کر دیا، ایک مہینے کے بعد یہ لندن کے کرامویل اسپتال گئے، وہاں انہوں نے دنیا کے ایک نامور کارڈیالوجسٹ سے رابطہ کیا، ان نے ان کے ٹیسٹ کرائے اور ٹیسٹوں کے نتائج دیکھ کر انہیں بتایا، آپ کا دل مکمل طور پر ٹھیک ہے، آپ کو کسی قسم کے علاج کی ضرورت نہیں، ملک ریاض نے اپنے پرانے ٹیسٹ اس کے سامنے رکھ دیئے، اس نے دونوں ٹیسٹ میچ کیے اور یہ ماننے سے انکار کر دیا کہ یہ دونوں ٹیسٹ ایک ہی شخص کے ہیں، بہر حال قصہ مختصر ملک ریاض واپس پاکستان آئے اور انہوں نے اس نسخے کو اپنا معمول بنالیا۔ یہ 2009ء میں ایک بار پھر کرامویل اسپتال کے اسی ڈاکٹر کے پاس گئے، اس نے ان کے دوبارہ ٹیسٹ کیے، پرانے ٹیسٹ دیکھے اور اس کے بعد یہ بتا کر حیران کر دیا کہ 1995ء سے لے کر 2009ء تک ان کی دل میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں آیا، ان کا دل مکمل طور پر صحت مند ہے اور یہ کھائیں، پئیں اور موج اڑائیں۔ ملک ریاض یہ نسخہ آج بھی استعمال کر رہے ہیں اور اپنے بے شمار دوستوں کو بھی کروا رہے ہیں، جنرل اسلم بیگ بھی یہ استعمال کرتے ہیں اور یہ شاید اس نسخے کی وجہ سے 84 سال کی عمر میں بھی نہ صرف صحت مند اور متحرک زندگی گزار رہے ہیں، بلکہ ان کا دل بھی جوانوں کی طرح مضبوط ہے۔

یہ نسخہ بہت سادہ ہے، آپ عجوہ کھجور کی گٹھلیاں لے کر پیس لیں اور اس پاؤڈر کی آدھا چمچ روز صبح پانی کے ساتھ نگل لیں، ان شاء اللہ آپ کے دل کے تمام امراض ٹھیک ہو جائیں گے۔ میں آپ کو بھی بتا تا چلوں کہ تاریخ اسلام میں پہلا ہارٹ اٹیک جنگ قادسیہ کے ہیرو اور فاتح ایران حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ہوا تھا، آپ کے دل میں اچانک تکلیف ہوئی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، انہیں عجوہ کھجور گٹھلی سمیت کوٹ کر کھلا دو، یہ ٹھیک ہو جائیں گے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو عجوہ کھجور کوٹ کر کھلائی گئی اور آپ صحت مند ہو گئے۔ یہ کھجور صرف سعودی عرب سے ملتی ہے اور خاصی قیمتی ہے لیکن اس کے باوجود یہ امراض دل کی ادویات سے یقیناً سستی ہوگی، اس نسخے کے دونوں راوی زندہ بھی ہیں اور صحت مند بھی ہیں، آپ اگر مزید تحقیق کرنا چاہیں تو آپ جنرل مرزا اسلم بیگ اور ملک ریاض حسین سے رابطہ کر سکتے ہیں، میں نے کیوں کہ ابھی تک یہ نسخہ استعمال نہیں کیا، چنانچہ میں اپنا تجربہ بیان نہیں کر سکتا، تاہم اگر آپ کو شفا نصیب ہو جائے تو آپ جنرل اسلم بیگ، ملک ریاض اور میرے لئے دعا فرما دیجئے گا اور اگر شفا نہ ہو تو ہم تینوں کو معاف کر دیجئے گا، کیوں کہ اس انفارمیشن کا مقصد نیک ہے۔

☆......☆......☆

(ملتان، پ۔ر) قوم نے کامیاب شٹر ڈاؤن کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا ثبوت دیا۔ قاری حنیف جالندھری تحریک ناموس رسالت ﷺ نے اعلان کیا ہے کہ اب لانگ مارچ اور پہیہ جام ہوگا، ناموس رسالت کے مسئلہ پر ہرگز نہیں بیٹھیں گے ۔تحریک ناموس رسالت کے مرکزی رہنما اور وفاق المدارس العربیہ کے ناظم اعلیٰ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ تحریک تحفظ ناموس رسالت کی اپیل پر پاکستانی عوام نے شٹر ڈاؤن کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا ثبوت دیا۔ حکمرانوں نے 295-C کے خاتمے کے لیے کوئی حکمت عملی مرتب کی تو پاکستانی عوام انہیں معاف نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دفتر جماعت اسلامی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔

(پ ـ ر) وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں سے حکمرانوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں اور ناموس رسالت کے قانون میں ترمیم کا باب ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند ہو جانا چاہئے، وزیر اعظم اسمبلی کے حالیہ اجلاس میں حکومت کی پوزیشن واضح کریں۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا قاری محمد حنیف جالندھری اور مولانا انوار الحق نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی اے پی سی کے فیصلوں کی روشنی میں ملک بھر میں عاشقان مصطفیٰ نے بھرپور احتجاجی مظاہرے اور احتجاجی ریلیاں نکال کر ثابت کر دیا کہ اس دھرتی پر ناموس رسالت کے قانون کے خلاف کسی قسم کی سازش کامیاب نہیں ہونے پائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مظاہروں اور ریلیوں کی طرح 31 دسمبر کی ہڑتال بھی ان شاء اللہ! بھرپور اور کامیاب رہے گی۔